1. رہنمائی میں زبان سے متعلق تبدیلیاں اور صرف SSCA خاندانوں کے لئے 45 روزہ عوامی تبصرہ

عزیز CPS خاندان،

ہم طلبہ سے مخصوص اصلاحی عمل (SSCA) سے متعلق مجوزہ تبدیلیوں سے آپ کو آگاہ کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کر رہے ہیں۔ ہم cps.edu/ssca پر ہمیں تاثر فراہم کرنے کے لئے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، جہاں نظرثانی شدہ SSCA طریقۂ کار سے متعلق رہنما ہدایات 11 اگست بروز بدھ سے 27 ستمبر 2021 بروز پیر تک 45 روزہ عوامی تبصرہ کی مدت تک کے لئے پوسٹ کی جائیں گی۔ CPS ان تبدیلیوں کی تجویز اس لئے دے رہی ہے تاکہ 2016-17 اور 2017-18 تعلیمی سالوں میں خصوصی تعلیمی طریقۂ کار سے متعلق رکاوٹوں سے متاثر ہوئے طلبہ کی ضروریات کو مزید کارآمد اور مؤثر طور پر حل کیا جا سکے۔

جیسا کہ آپ کو پتہ ہو گا، 2017 میں، الینیوس اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) کو الزامات موصول ہوئے کہ CPS کے کچھ مخصوص اعمال اور طریقۂ ہائے کار IEP ٹیموں کو کچھ طلبہ کے IEPs پر ضروری معاونتیں اور خدمات کو شامل کرنے سے روک رہے ہیں۔ ISBE نے ایک تفتیش کی (عوامی استفسار)، اسے پتہ چلا کہ 2016-17 اور 2017-18 میں نافذ کچھ طریقہ ہائے کار دشوار تھے، اور CPS کو ہدایت دی کہ وہ اس ممکنہ نقصان کی بھرپائی کرنے کے لئے طلبہ کو تلافیاں (طلبہ سے مخصوص اصلاحی عمل) فراہم کرے۔ تب سے، CPS ان دشوار طریقہ ہائے کار سے ممکنہ طور پر متاثر ہوئے طلبہ کی شناخت کرنے اور ان طلبہ کو تلافیوں کی فراہمی کے لئے ISBE اور دیگر شرکاء کے ساتھ مل کر قریب سے کام کرر ہی ہے۔ چونکہ خصوصی تعلیم کو اس اعتبار سے فراہم کیا جاتا ہے کہ ان سے ہر طالب علم کی منفرد ضروریات پوری ہوں، اس لئے یہ عمل پیچیدہ اور وقت طلب رہا ہے۔

شروعات میں، ڈسٹرکٹ نے طلبہ کی معلومات کا جائزہ لیا، ان طلبہ کی شناخت کی جنہیں ممکنہ طور پر نقصان پہنچا تھا، اور ان میں سے ہر طالب علم کے انفرادی حالات کا تجزیہ کرنے کے لئے میٹنگیں منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کی تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ آیا انہیں تلافی فراہم کرنا ضروری ہے۔ ممکنہ طور پر متاثر ہوئے طلبہ کو تلافیاں مزید کارآمد طور پر فراہم کرنے کی خاطر، اس عمل کو اس اعتبار سے ترتیب دیا گیا کہ جس سے شناخت کردہ اکثر طلبہ کو خودکار تلافیاں (آفاقی افزودگی تلافیاں یا UERs) فراہم ہو جائیں۔ دیگر طلبہ کو (جن کو نقصان پہنچنے کا شاید کم امکان تھا) ایک SSCA میٹنگ موصول ہو گی جس میں ان کے خصوصی حالات پر غور کیا جائے گا۔ **آگے بڑھتے ہوئے، CPS ایسے ایسے طلبہ کو خودکار تلافیاں (UERs) فراہم کر رہی ہے جن کی ماضی میں ایسے طلبہ کے طور پر شناخت ہوئی تھی جنہیں ایک خود کار SSCA میٹنگ موصول ہوگی۔**

مزید، اب تک، والدین/سرپرست اپنی تلافیوں کو اختیارات کی ایک فہرست سے منتخب کر سکتے تھے۔ **آگے بڑھتے ہوئے، CPS ان پیشگی منظورشدہ اختیارات کے بجائے ایک مالیاتی تلافی فراہم کرے گی۔** رقموں اور اس تعلق سے مزید معلومات کے لئے کہ طلبہ کی شناخت کیسے کی گئی تھی، برائے مہربانی عوامی تبصرے کے لئے پوسٹ کی جا رہی SSCA رہنما ہدایات کا جائزہ لیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ SSCA عمل طویل اور ممکنہ طور پر تذبذب میں ڈالنے والا تھا۔ ہم کسی بھی افسردگی اور تذبذب کے لئے معافی مانگتے ہیں مگر ہمیں اعتماد ہے کہ بدلے ہوئے طریقۂ کار سے طلبہ کو فائدہ ملے گا۔ یہ مجوزہ تبدیلیاں مزید کارآمد ہوں گی اور مزید طلبہ کو اضافی معاونت فراہم کریں گی۔ عوامی استفسار کے بارے میں مزید معلومات کے لئے cps.edu/ssca، یا isbe.net/monitor ملاحظہ کریں۔

CPS یہ تبدیلی کیوں کر رہی ہے؟
اگرچہ جن طلبہ کی شناخت ایسے طلبہ کے طور پر ہوئی تھی جنہیں خودکار SSCA میٹنگیں موصول ہوگی ممکن ہے کہ ان میں سے اکثر کو عوامی استفسار میں شناخت کردہ طریقہ ہائے کار سے نقصان نہ پہنچا ہو، مگر CPS، ISBE، خصوصی تعلیمی وکلاء، اور والدین ان طلبہ کو جلد از جلد تلافیاں فراہم کرنے کے طریقوں پر بات چیت کر رہے ہیں۔ CPS کی کوششوں کی رفتار مختلف رکاوٹوں کے سبب 2018 سے دھیمی ہو گئی ہے، جن میں سے ایک اہم سبب COVID-19 کی عالمی وبا رہی ہے۔ اس لئے، CPS نے طے کیا ہے کہ ان طلبہ کو UERs فراہم کرنے سے، جنہیں بصورت دیگر SSCA میٹنگیں موصول ہوئی ہوتیں، اس عمل کی راہ کافی حد تک ہموار ہو گی۔ مزید، مالی تلافی فراہم

کرنے سے خاندانوں کو ان خدمات اور معاونتوں کی شناخت کرنے کے سلسلے میں مزید لچک ملے گی جن سے ان کے طلبہ کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچے گا۔

مجھے کیسے پتہ چلتا ہے کہ آیا اس سے میرے بچے پر اثر پڑتا ہے؟

جن طلبہ کی شناخت ایسے طلبہ کے طور پر ہوئی ہے جنہیں UER موصول ہو گی ان کے سبھی خاندانوں کو اکتوبر 2021 سے اضافی مواصلت موصول ہو گی۔ یہ جاننے کے لئے کہ آیا آپ کے بچے کی شناخت UER کے لئے ہوئی ہے، یا اگر آپ کا احساس ہے کہ آپ کے بچے پر عوامی استفسار میں شناخت کردہ طریقہ ہائے کار سے اثر پڑا ہے، تو آپ ssca@cps.edu پر ای میل کر سکتے یا 773-553-1843 پر کال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پہلے ہی کوئی UER کال آئی ہے یا آپ کو کوئی SSCA میٹنگ ملی ہے (یا آپ اسے موصول نہ کرنے کا انتخاب کیا ہے) تو، آپ اب بھی مالی UER کے مستحق ہو سکتے ہیں اور آپ کو اس موسم خزاں میں اضافی معلومات موصول ہوں گی۔

مجھے سوالات ہوں تو میں کہاں جاؤں؟

اگر آپ کو اس عمل کے تعلق سے کوئی سوال ہو تو، آپ cps.edu/ssca پر SSCA کی ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ آپ ssca@cps.edu پر ای میل کر سکتے، یا 773-553-1843 پر کال بھی کر سکتے ہیں۔